# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: فقہ المعاملات (2963) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

### امتحانی مشق نمبر 1

### (یونٹ: 1 تا 4)

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر 1۔ | خصومت کے لئے وکیل بنانے اور وکیل کے ہاتھوں مبیع کے ہلاک ہونے کے احکام تحریر کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 2۔ | حوالہ کا معنیٰ و مفہوم اور اس سے متعلقہ مسائل واحکام پر نوٹ لکھیں۔ | 20 |
| سوال نمبر 3۔ | ہبہ میں ایجاب و قبول، قبضہ اور بدلے کی شرط پر ہبہ کے احکام بیان کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 4۔ | عاریت کی چیز کی حیثیت اور عاریت کی اشیاء کی واپسی کے کرایہ سے متعلقہ احکام پر بحث کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 5۔ | ودیعت کا مفہوم، امانت کی عدم ضمان اور امانت کی حفاظت کے احکام قلمبند کریں۔ | 20 |

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر2

### (یونٹ:5تا9)

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر1۔ | رہن کا مفہوم، جواز، رہن میں ایجاب و قبول کی حیثیت، قبضہ سے پہلے رہن سے رجوع اور رہن کی ضمان پر نوٹ لکھیں۔ | 20 |
| سوال نمبر2۔ | عادل شخص کے پاس رہن رکھنے، رہن رکھی جانے والی اشیاء اور راہن کی جانب سے مرہونہ چیز کی فروختگی کے لئے وکیل بنانے کے احکام قلمبند کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر3۔ | وقف کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ | 20 |
| سوال نمبر4۔ | موقوفہ اشیاء کی اقسام اور ان کے احکام تحریر کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر5۔ | متولی کی شرائط اور وقف کے انتظام وانصرام کے سلسلے میں متولی کے اختیارات پر بحث کریں۔ | 20 |